الجامعۃ الاسلامیۃ دار العلوم دیوبند الہند
Darul Uloom Deoband
PIN 247554, U.P. INDIA

Ref: 155/2022 Date: 19.11.22

باسمہ سبحانہ وتعالی

محترم ومکرم حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ العالی!
صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان ونائب صدر دار العلوم کراچی پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

سوشل میڈیا کے ذریعہ یہ خبر موصول ہوئی کہ آپ کے بڑے بھائی مفتی اعظم پاکستان وصدر جامعہ دار العلوم کراچی حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب نور اللہ مرقدہ اپنی طویل علالت کے بعد اس دار فانی سے رخصت ہوکر دار بقاء کی طرف رحلت فرماگئے۔ "إنا للّٰہ وإنا إلیہ راجعون" إن للّٰہ ما أخذ ولہٗ ما أعطیٰ وکل شيء عندہٗ باجلٍ مسمی. اس المناک خبر سے ہم خدام دار العلوم دیوبند کو بے حد صدمہ پہونچا نیز حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کی خبر سے اساتذۂ کرام وطلبۂ عزیز میں ماحول سوگوار ہوگیا۔ آج حضرتؒ کے لیے ایصال ثواب اور دعائے مغفرت کا اہتمام کرایا گیا۔

حضرت مفتی صاحبؒ ایک متبحر عالم دین تھے نیز انتہائی نفیس اور نازک مزاج رکھتے تھے اور اس کی جھلک دار العلوم کراچی کی تمام درسگاہوں، دفاتر اور بلڈنگوں میں نمایاں ہوتی ہے مرحوم مفتی صاحبؒ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سرپرست بھی تھے۔ آپ کا شمار پاکستان کے سرکردہ علماء میں ہوتا تھا۔ حضرت مفتی صاحبؒ کا اصلاحی تعلق عارف باللہ حضرت ڈاکٹر عبدالحئی عارفیؒ سے تھا، آپ ان کے ممتاز اور اخص الخواص خلفاء میں سے تھے، نیز یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ آپ کی ولادت آبائی وطن سرزمین دیوبند میں ہوئی اور آپ کی ابتدائی تعلیم دار العلوم دیوبند سے شروع ہوئی۔ قاعدہ بغدادی اپنے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب عثمانی نور اللہ مرقدہ سے پڑھ کر دار العلوم دیوبند کے شعبہ حفظ میں پندرہ پارے مکمل فرمائے؛ لیکن حالات ناسازگار ہونے کی وجہ سے آپ کے خاندان نے پاکستان ہجرت کی اور پھر وہیں کے ہو رہے، بقیہ تعلیمی سلسلہ پاکستان میں پورا فرمایا۔

آپ باکمال مصنف بھی تھے، اب تک متعدد تصانیف آپ کے قلم سے نکلی ہیں۔ درس مسلم، دوقومی نظریہ، نوادر الفقہ قابل ذکر ہیں۔ قحط الرجال کے اس دور میں ایک ایسے عالم دین کا رخصت ہوجانا بے شک جامعہ کے لیے اور اہل علاقہ کے لیے ہی نہیں؛ بلکہ عالم اسلام کے لیے بڑا خسارہ ہے؛ لیکن اس حقیقت سے کسی کو مجالِ انکار نہیں ہے کہ اس بے ثبات دنیا میں دوام وبقا کسی کے نصیب میں نہیں ہر ایک کو دار العمل سے دار الجزاء کی طرف جانا ہی ہے؛ لیکن فرشتۂ اجل جب کسی عالم کبیر نابغۂ روزگار شخصیت کے دروازے پر دستک دے تو "موت العالِم موت العالَم" کی صدا گونج جاتی ہے۔

آپ کا سانحۂ ارتحال آپ کے خاندان، متعلقین کے لیے صدمۂ جانکاہ ہے، نیز آپ کے تلامذہ ومحبین ومخلصین کے لیے بھی بڑا صدمہ ہے۔

+91-1336-222429 / FAX: +91-1336-222768 darululoomdeoband.com info@darululoomdeoband.com

باسمہ تعالیٰ

الجامعۃ الاسلامیۃ دارالعلوم دیوبند الہند

Darul Uloom Deoband

PIN 247554, U.P. INDIA

Ref: .... Date: ....

اس صدمہ کی گھڑی میں ہم خدام دارالعلوم حضرت والا کی خدمت میں اور اہل خانہ و پسماندگان کی خدمت میں تعزیت مسنونہ پیش کرتے ہوئے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ حضرت کی مساعی جمیلہ وخدمات دینیہ کو قبولیت سے نوازے، حسنات کو قبول فرمائے، سیئات سے درگذر فرمائے، جوار رحمت میں قرب خاص نصیب فرمائے، غمزدہ خانوادہ کو صبر جمیل عطا فرمائے، آمین!

حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب نعمانی مہتمم دارالعلوم دیوبند غیر ملکی سفر پر ہیں اس لیے حضرت کی طرف سے بھی تعزیت مسنونہ قبول فرمائیں۔

والسلام

(مولانا) عبدالخالق مدراسی

قائم مقام مہتمم دارالعلوم دیوبند

۱۴۴۴/۴/۲۳ھ=۲۰۲۲/۱۱/۱۹ء

+91-1336-222429 / FAX: +91-1336-222768 darululoomdeoband.com info@darululoomdeoband.com